# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(Media Coordination & Out Reach)

## پریس ریلیز

پشاور/اسلام آباد 8مارچ 2023

آج الیکشن کمیشن کی ہدایات کی روشنی میں الیکشن کمیشن کی ایک ٹیم جو کہ سیکرٹری الیکشن کمیشن، سپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن اور ڈائریکٹر جنرل (لاء) پر مشتمل تھی نے گورنر خیبر پختونخواہ سے الیکشن کی تاریخ مقرر کرنے کے سلسلے میں ملاقات کی۔ اس ٹیم کو الیکشن کمیشن کی طرف سے مشاورت کے مکمل اختیارات دیئے گئے تھے، الیکشن کمیشن نے آئین و قانون کی روشنی میں گورنر صاحب کو بریف کیا کہ وہ خیبر پختونخواہ کی صوبائی اسمبلی کے الیکشن کی تاریخ دینے کے پابند ہیں تاکہ 90 دن یا کم سے کم وقت میں انتخابات کروائے جاسکیں۔ گورنر صاحب نے اس میٹنگ میں الیکشن کی تاریخ دینے پر کہا کہ وہ آئندہ ہفتے اس سلسلے میں الیکشن کمیشن اسلام آباد میں کمیشن کے ساتھ حتمی مشاورت کے لئے ملاقات کریں گے۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے گورنر صاحب پر یہ واضح کیا کہ وہ ان سے صرف الیکشن کی تاریخ کے سلسلے میں حاضر ہوئے ہیں جہاں تک انتخابات کے متعلق تمام تر تیاریوں، انتظامات، امن وامان کی صورتحال سمیت دیگر امور کا تعلق ہے کمیشن، نگران صوبائی حکومت اور فیڈرل لاء انفورسنگ ایجنسیز کے ساتھ رابطے میں ہے اور جلد ہی ان کے ساتھ میٹنگ کر کے ان امور کو حتمی شکل دے گا۔

CamScanner